سوال

(286) ریڈیو وغیرہ سننا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ریڈیو اور دوسرے نشریاتی پروگرام سننے کا کیا حکم ہے اگر ان میں کوئی حرام بات نہ پائی جاتی ہو؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ریڈیو سے نشر ہونے والے پروگرام اگر قرآن یا مفید احادیث یا اہم خبروں پر مشتمل ہوں تو ان کو سننے میں کوئی حرج نہیں ہے، اسی طرح قرآن کریم، احادیث اور نصیحتوں سے بھری کیسٹس سننے میں بھی کوئی حرج نہیں ہے۔

میں آپ کو "اذاعۃ القرآن" اور "نور علی الدرب" جیسے پروگرام سننے اور ان میں دلچسپی لینے کی نصیحت کرتا ہوں کیونکہ ان پروگراموں میں بہت سے فائدے ہیں۔ (ابن باز رحمۃ اللہ علیہ)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

تفہیمِ دین

کتاب الادب، صفحہ: 381

محدث فتویٰ